سے طے کیا ہے۔ اس مقالے کو چار ابواب میں تقسیم کیا گیا ہے۔ مقالے کا پہلا باب اکرام اللہ شخصیت و تعارف کے بارے میں ہے۔ جس میں ان کی شخصیت و کردار، تعلیم، شادی، ملازمت، میلانات و رجحانات کے ساتھ ساتھ ان کی تصانیف کے بارے میں آگاہی حاصل کی گئی ہے۔

مقالے کا دوسرا باب اکرام اللہ کی ناول نگاری کے کردار پر مبنی ہے۔ اس باب میں ''گرگ شب'' اور ''سائے کی آواز'' کے کرداروں کا تجزیاتی مطالعہ ہے اور کرداروں کے داخلی اور خارجی محرکات کا جائزہ لیا گیا ہے۔

مقالے کا تیسرا باب اکرام اللہ کے ناولٹ اور اُن کے کردار پر مشتمل ہے۔ اس باب میں شامل ناولٹ کا مجموعہ ''سوا نیزے پر سورج'' کے کرداروں کا تجزیاتی مطالعہ ہے۔ اس مجموعے میں شامل چار ناولٹ کو زیر بحث لایا گیا ہے۔

مقالے کا چوتھا باب اکرام اللہ کے افسانوں میں کردار نگاری پر مبنی ہے۔ اس باب میں شامل دو مجموعوں ''جنگل'' اور ''بدلتے قالب'' کے کرداروں کا تجزیاتی مطالعہ کیا گیا ہے اور آخر میں محاکمہ پیش کیا ہے جس میں ابتدائی چار ابواب کا مکمل جائزہ یعنی دریا کو کوزے میں بند کرنے کی ادنیٰ سی کوشش کی گئی ہے۔